روزنامہ
ٹیلی فون نمبر 213029 C.P.L 61
# الفضل
ایڈیٹر: عبدالسمیع خان
منگل 10 ستمبر 2002ء 2 رجب 1423 ہجری-10 تبوک 1381 ہش جلد 52-87 نمبر 206

## اللہ کی خاطر محبت کرنے والے

حضرت معاذؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ نے فرمایا:
اللہ تعالیٰ فرماتا ہے میرے جلال کی بناء پر آپس میں محبت کرنے والوں کے لئے نور سے بنے ہوئے ایسے منبر ہیں جن پر انبیاء اور شہداء بھی رشک کریں گے۔

(جامع ترمذی کتاب الزهد باب الحب فی اللہ حدیث نمبر 2312)

## اللہ تعالیٰ کی صفت النور پر جاری مضمون کی مزید ایمان افروز تشریح

# جو لوگ دل و جان سے رسول اللہؐ کے غلام بنیں ان کو نور ایمان بخشا جائیگا

## اپنی خودی چھوڑ کر خدا سے ملنے والوں کے چہرے صدق و صفا کے نور سے چمکتے ہیں

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کے خطبہ جمعہ فرمودہ 6- ستمبر 2002ء بمقام بیت الفضل لندن کا خلاصہ

(خطبہ جمعہ کا یہ خلاصہ ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے)

سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز نے مورخہ 6- ستمبر 2002ء کو بیت الفضل لندن میں خطبہ جمعہ ارشاد فرمایا جس میں آپ نے اللہ تعالیٰ کی صفت النور پر جاری مضمون کی مزید تشریح آیت قرآنی، حدیث نبوی اور ارشادات حضرت مسیح موعود کی روشنی میں فرمائی۔ حضور انور کا یہ خطبہ ایم ٹی اے کے ذریعہ دنیا بھر میں ٹیلی کاسٹ کیا گیا اور متعدد زبانوں میں اس کا رواں ترجمہ بھی نشر ہوا۔

حضور انور نے اپنے خطبہ کے آغاز میں سورۃ الحدید کی آیت نمبر 20 کی تلاوت فرمائی اور اس کا ترجمہ یوں پیش فرمایا:۔ اور وہ لوگ جو اللہ اور اس کے رسولوں پر ایمان لائے یہی وہ لوگ ہیں جو اپنے رب کے حضور صدیق اور شہید ٹھہرتے ہیں۔ ان کیلئے ان کا اجر اور ان کا نور ہے۔ اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اور ہماری آیات کو جھٹلایا یہی جہنمی ہیں۔

آنحضرت ﷺ نے ایک دفعہ فرمایا کہ اللہ تعالیٰ کے بعض ایسے بندے بھی ہیں جو نہ تو نبی ہیں اور نہ ہی شہید۔ یہ وہ لوگ ہیں جو محض خدا تعالیٰ کی خاطر ایک دوسرے سے محبت کرتے ہیں اور صاف دل کے ساتھ پیش آتے ہیں۔ اللہ تعالیٰ ان کے لئے نور رکھے گا اور ان کے چہرے کو بھی نورانی کر دیگا اور ان کے کپڑوں کو بھی نورانی کر دیگا۔ یہ اللہ کے دوست ہونگے اور انہیں کسی قسم کا خوف لاحق نہیں ہوگا۔

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں کہ اے رسول اللہ جو لوگ دل و جان سے تیرے غلام بن جائیں گے ان کو وہ نور ایمان اور محبت اور عشق بخشا جائیگا کہ جو ان کو غیر اللہ سے رہائی دے گا اور وہ گناہوں سے نجات پا جائیں گے اور اسی دنیا میں ایک پاک زندگی ان کو عطا کی جائیگی اور نفسانی جذبات کی تنگ و تاریک قبروں سے وہ نکالے جائیں گے۔ اسی کی طرف یہ حدیث اشارہ کرتی ہے کہ میں وہ مردوں کو اٹھانے والا ہوں جس کے قدموں پر لوگ اٹھائے جائیں گے۔

حضرت مسیح موعود مزید فرماتے ہیں کہ جو لوگ اپنے اندر خاکساری پیدا کرتے ہیں اور سپرد خاک ہونے سے پہلے ہی خاک ہو جاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ ان سے محبت کرتا ہے اور ان کو نور عطا کرتا ہے۔ پھر عشق و صفا کا نور ان کے چہرے سے چمکتا ہے اور وہ اپنی خودی کو چھوڑنے کی وجہ سے خدا تعالیٰ سے جا ملتے ہیں۔ میرے گھر میں بھی خدا کا نور برس رہا ہے۔ چاند اور سورج کا نور اس کا مقابلہ نہیں کر سکتے۔

خطبہ کے اختتام سے قبل حضور انور نے حضرت مسیح موعود کے متعدد الہامات پیش فرمائے جن میں بعض کے الفاظ اس طرح تھے۔ خدا تعالیٰ تیرے منہ کو بشاش کر دیگا۔ میرا نور نزدیک ہے۔ میں نے تجھے روشن کیا اور چن لیا۔ میں نے تجھے برگزیدہ بنایا۔

## خصوصی درخواست دعا

احباب جماعت سے جملہ اسیران راہ مولا کی جلد اور باعزت رہائی نیز مختلف مقدمات میں ملوث افراد جماعت کی باعزت بریت کے لئے درمندانہ درخواست دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ اپنے فضل و کرم سے ان بھائیوں کو اپنی حفظ و امان میں رکھے ہر شر سے بچائے۔

## احمدی طالبات متوجہ ہوں

وہ تمام احمدی طالبات جن کو بامر مجبوری کسی مخلوط ادارہ میں یا ایسے تعلیمی ادارہ میں جہاں تدریسی عملہ مرد حضرات پر مشتمل ہو داخلہ لینا پڑ رہا ہے ان کے لئے ضروری ہے کہ وہ داخلہ سے قبل بذریعہ نظارت تعلیم مطبوعہ فارم پر حضور پر نور ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز سے باپردہ رہ کر تعلیم حاصل کرنے کی اجازت لیں۔ اسی طرح وہ تمام احمدی طالبات جو لاعلمی کے سبب بغیر اجازت لئے داخلہ حاصل کر چکی ہیں ان کے لئے بھی ضروری ہے کہ وہ بھی فوری طور پر نظارت تعلیم سے فارم حاصل کر کے اجازت حاصل کرنے کی درخواست دے دیں۔

(نظارت تعلیم ربوہ)

## لینگویج انسٹی ٹیوٹ واقفین نو

موسم گرما کی تعطیلات اور امتحانات کے بعد لینگویج انسٹی ٹیوٹ واقفین نو دارالرحمت وسطی مورخہ 14 ستمبر 2002ء بروز ہفتہ دوبارہ کھلے گا۔
سینئر کلاس کا وقت 5.55 سے 6.30 بجے شام اور جونیئر کلاس کا وقت 6.30 سے 7.05 بجے شام تک ہوگا۔
والدین سے التماس ہے کہ اپنے بچوں کو پابندی سے وقت پر ادارہ میں بھجوائیں۔ نیز اساتذہ کرام سے بھی درخواست ہے کہ وہ وقت مقرر پر تشریف لائیں۔

سیکرٹری وقف نو
لوکل انجمن احمدیہ ربوہ
انچارج لینگویج انسٹی ٹیوٹ نور ربوہ

# تاریخ احمدیت

## منزل بہ منزل

مرتبہ ابن رشید

## دین اور انسانیت کی خدمت کا سفر

### 1933ء ①

| | | |
|---|---|---|
| یکم | جنوری | حضرت مصلح موعود اور خاندان مسیح موعود کے بعض دیگر افراد نے ہوائی جہاز میں پہلی بار پرواز کی۔ یہ جہاز ہندوستان کے مشہور ہواباز مسٹر چاولہ قادیان کے پاس کھلے میدان میں لے کر آئے تھے۔ |
| 15 | جنوری | حضور نے قادیان میں اپنی کوٹھی دارالحمد کا افتتاح فرمایا۔ |
| 19 | جنوری | حضرت چوہدری محمد ظفر اللہ خاں صاحب تیسری گول میز کانفرنس میں شرکت کے بعد لندن سے بمبئی آئے۔ 22 جنوری کو قادیان پہنچے۔ حضور کی اقتداء میں سینکڑوں احمدیوں نے آپ کا استقبال کیا۔ |
| 10 | فروری | ایک مربی سلسلہ کے خلاف نامناسب رویہ اختیار کرنے پر حضور نے بعض افراد سے کلام نہ کرنے کا حکم دیا۔ |
| 18 | فروری | 10 فروری کو جن افراد سے کلام نہ کرنے کا حکم تھا ان کے معافی مانگنے پر حضور نے عفو کا سلوک فرمایا۔ |
| 23 | فروری | حضور نے حضرت اماں جان کی کوٹھی بیت النصرت کا سنگ بنیاد رکھا جو آپ نے حضرت مرزا ناصر احمد صاحب کیلئے تعمیر کروائی تھی۔ |
| یکم | مارچ | حضرت چوہدری محمد حسین صاحب رفیق حضرت مسیح موعود کی وفات۔ |
| 5 | مارچ | جماعت نے دوسرا یوم دعوت الی اللہ منایا۔ |
| 25 | مارچ | بیت الذکر انبالہ کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔ |
| | مارچ | حضرت مولانا عبدالرحیم صاحب درد نے انگلستان میں قائداعظم محمد علی جناح کے دفتر میں ملاقات کی اور ہندوستان واپسی کے لئے ترغیب دی۔ |
| 14 تا 16 | اپریل | سالانہ مجلس مشاورت۔ |
| 23 | اپریل | امام بیت الفضل لندن کے زیر اہتمام بیت الفضل لندن میں قائداعظم محمد علی جناح کی مشہور تقریر ہوئی جس میں انہوں نے ہندوستان واپس جانے پر آمادگی کا اظہار کیا۔ اور ذکر کیا کہ امام بیت الفضل لندن مولانا عبدالرحیم صاحب درد کی فصیح و بلیغ ترغیب نے میرے لئے بچنے کی کوئی راہ نہیں چھوڑی۔ |
| 30 | اپریل | حضرت مولوی محمد علی صاحب بدوملہوی رفیق حضرت مسیح موعود کی وفات۔ |
| 7 | مئی | حضرت مصلح موعود نے کشمیر کمیٹی کی صدارت سے استعفیٰ دے دیا۔ |
| 12 | مئی | حضرت قاضی محبوب عالم صاحب امرتسری رفیق حضرت مسیح موعود کی وفات |
| 13 | مئی | حضور کی اہلیہ حضرت سارہ بیگم صاحبہ کی وفات۔ |
| 16 | جون | بیت الذکر بھدرک اڑیسہ کا سنگ بنیاد رکھا گیا۔ |
| | جون | لاہور کے احمدی نوجوانوں نے 'ینگ مین احمدیہ ایسوسی ایشن' کے نام سے ایک (دعوت الی اللہ) کی انجمن قائم کی۔ |
| 23 | جولائی | حضرت مصلح موعود نے اردو سیکھنے کے لئے حضرت مسیح موعود کی کتب پڑھنے کی تحریک فرمائی۔ |

مرتبہ:- محمد محمود طاہر صاحب

# جماعت احمدیہ برطانیہ کی خبریں

## ماہنامہ اخبار احمدیہ برطانیہ سے ماخوذ

### شعبہ ہومیوپیتھی برطانیہ

بیت الفضل لنڈن کے احاطہ میں قائم ہومیوپیتھی ڈسپنسری کے علاوہ برطانیہ میں قائم احمدیہ ہومیو پیتھک ڈسپنسریوں کی تعداد اب 24 ہو گئی ہے۔ 2001ء میں 23760 مریضوں نے ادویات لیں۔ مکرم ڈاکٹر حفیظ احمد بھٹی صاحب انچارج شعبہ ہومیوپیتھی یو۔کے اور ان کی ٹیم کے اراکین روزانہ دنیا بھر سے مریضوں کو ٹیلی فون پر بھی مشورے دیتے ہیں۔ برطانیہ میں برمنگھم' بریڈفورڈ' کیمبرج' کرائیڈن' جلنگھم' گلاسکو' ہارٹلے پول' ہنسلو' ہڈز فیلڈ' اسلام آباد' لیسٹر' لیوٹن' مانچسٹر' مورڈن' آکسفورڈ' ریڈ برج' سکنتھورپ' ساؤتھ ایسٹ لندن' ساؤتھ ہال' ٹوٹنگ' وانڈز ورتھ' وٹفورڈ' ویسٹ فارسٹ اور یارکشائر میں احمدیہ ہومیو پیتھک ڈسپنسریاں قائم ہیں۔ (اخبار احمدیہ جون 2002ء)

### ہنسلو میں جلسہ سیرۃ النبیؐ

مورخہ 14/اپریل 2002ء کو ہیتھ لینڈ سکول کے خوبصورت ہال میں ایک عظیم الشان جلسہ سیرۃ النبیؐ منعقد کیا گیا جس میں کل حاضری ساڑھے پانچ سو سے زائد رہی ان میں اڑھائی سو سے زائد مہمانوں نے شرکت کی جن میں ممبران پارلیمنٹ' مختلف علاقوں کے میئرز' کونسلرز' پادری صاحبان' پولیس افسران' اساتذہ اور دیگر اہم سرکاری وغیر سرکاری افراد شامل تھے۔ مکرم رفیق احمد حیات' امیر یو کے' مکرم عطاء المجیب راشد صاحب امام بیت الفضل لنڈن' مکرم ابراہیم احمد نونن صاحب صدر خدام الاحمدیہ یو کے' کے علاوہ معزز مہمانوں سے بھی بعض نے خطاب کیا۔ آخر میں جملہ حاضرین کی خدمت میں کھانا پیش کیا گیا۔ اور مہمانوں کی خدمت میں جماعتی لٹریچر پر مبنی گفٹ پیکس بھی پیش کئے گئے۔ (اخبار احمدیہ جون 2002ء)

### جماعت برطانیہ کی مجلس شوریٰ

جماعت احمدیہ برطانیہ کی 23 ویں مجلس شوریٰ 25`26 مئی 2002ء کو نور ہال بیت الفتوح میں منعقد ہوئی۔ 120 نمائندگان سمیت کل 328 افراد شریک ہوئے جن میں نیشنل عاملہ کے 46' مقامی جماعتوں کے 73 صدران' لجنہ کی 28 ممبرات' خصوصی مہمان 33 اور 23 زائرین شامل ہوئے۔ تین سب کمیٹیز بنائی گئیں جن کی رپورٹس اور آراء 26 مئی کو پیش کی گئیں۔ مکرم امیر صاحب یو کے نے افتتاحی واختتامی خطاب کیا۔

(اخبار احمدیہ جون 2002ء)

### جلسہ ہائے یوم خلافت

9/جون 2002ء کو بیت الفتوح مورڈن میں لنڈن ریجن کا جلسہ یوم خلافت مکرم امیر صاحب یو کے کی صدارت میں منعقد ہوا۔ جس میں امام صاحب بیت الفضل لنڈن نے بھی خطاب کیا۔ اس جلسہ کی حاضری 375 رہی۔

گلاسکو جماعت کا جلسہ 2/جون کو مکرم ملک محمد اکرم صاحب ریجنل مربی سکاٹ لینڈ کی صدارت میں ہوا۔ اس میں 165 احباب نے شرکت کی۔ آکسفورڈ میں مورخہ 31 مئی کو جلسہ یوم خلافت بمقام بیت الشکور منعقد ہوا۔ بریڈفورڈ کے جلسہ کی کارروائی 2/جون 2002ء کو بیت الحمد میں ہوئی۔ (اخبار احمدیہ جولائی۔اگست 2002ء)

### دعوۃ الی اللہ ٹریننگ سیمینار

ساؤتھ ویسٹ ریجن کا ریجنل دعوۃ الی اللہ ٹریننگ سیمینار مورخہ 7/اپریل 2002ء کو ویلز کے دارالحکومت کارڈف میں ہوا اس میں 85 افراد نے شرکت کی۔ نارتھ ایسٹ ریجن کے زیر انتظام بیت الحمد بریڈفورڈ میں 10/جون کو دعوۃ الی اللہ ٹریننگ کلاس ہوئی۔ اس میں آٹھ جماعتوں کے نمائندگان ہوئے۔

(اخبار احمدیہ جولائی واگست 2002ء)

### دورہ نمائندہ الفضل

ادارہ الفضل نے مکرم احمد حسیب صاحب کو بطور نمائندہ الفضل ضلع فیصل آباد کے دورہ پر مندرجہ ذیل مقاصد کیلئے بھیجا ہے۔

(1) توسیع اشاعت الفضل
(2) الفضل کا چندہ اور بقایاجات کی وصولی
(3) اشتہارات کی ترغیب

امراء۔صدران' مربیان اور احباب کرام سے تعاون کی درخواست ہے۔ (مینیجر الفضل)

آپ کے عطیہ خون سے قیمتی جان بچ سکتی ہے

پبلشر آغا سیف اللہ۔ پرنٹر قاضی منیر احمد مطبع ضیاء الاسلام پریس۔ مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت تین روپے

# خطبہ جمعہ

# اللہ تعالیٰ کی صفت النور کے مختلف پہلوؤں کا تذکرہ

## ہمارا خدا ہر ایک چیز کا نور اور زمین اور آسمان کا روشن کرنے والا ہے

**مومنوں کی پہچان یہ ہے کہ وہ ظلمات سے نکل کر نور کی طرف آتے جاتے ہیں۔ مومن کی قوت تمیز ہ بڑھتی جاتی ہے اور وہ اپنی حالت میں دن بدن نمایاں تبدیلی پاتا ہے**

**جب تک نور قلب و نور عقل کسی انسان میں کامل درجے پر نہ پائے جائیں تب تک وہ نور وحی ہرگز نہیں پاتا۔**

خطبہ جمعہ سیدنا حضرت مرزا طاہر احمد صاحب خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز۔ فرمودہ 21 جون 2002ء بمطابق 21 احسان 1381 ہجری شمسی بمقام بیت الفضل لندن (برطانیہ)

خطبہ جمعہ کا یہ متن ادارہ الفضل اپنی ذمہ داری پر شائع کر رہا ہے

حضور انور نے فرمایا کہ

آج خدا تعالیٰ کی صفت النور سے متعلق خطبہ دیا جائے گا۔ نور کے معانی بیان کرتے ہوئے امام راغب اصفہانی رحمۃ اللہ علیہ اپنی کتاب **المفردات فی غریب القرآن** میں تحریر فرماتے ہیں:۔

نور' ایسی پھیلی ہوئی روشنی کو کہتے ہیں جو دیکھنے میں سرد رہتی ہے۔ یہ دو قسم کا ہے' دنیوی اور اخروی' دنیوی نور کی بھی دو قسمیں ہیں۔ ایک یہ کہ ایسا نور جس کو صرف بصیرت سے ہی سمجھا جا سکتا ہے جیسے نور عقل اور نور قرآن وغیرہ۔

دوسری قسم کا نور ایسا ہے جس کو ظاہر آنکھ سے بھی محسوس کیا جا سکتا ہے اور اس سے مراد روشنی دینے والے اجسام ہیں جیسے سورج اور چاند اور ستارے اور اسی طرح دوسرے روشنی دینے والے اجرام۔ اخروی نور کے بارے میں قرآن کریم میں فرمایا: ﴿**یسعی نورھم بین ایدیھم**﴾ نیز فرمایا: ﴿**انظرونا نقتبس من نورکم۔**﴾ وغیرہ

اللہ تعالیٰ نے اپنا نام نور اس لئے رکھا ہے کہ وہی ہے جو روشنی بخشنے والا ہے۔

اور خدا تعالیٰ نے اپنے لئے لفظ نور اس لئے استعمال کیا کہ یہ مبالغہ کا صیغہ ہے یعنی بکثرت روشنی عطا کرنے والا۔

سورۃ البقرہ: 258 (۔) اللہ ان لوگوں کا دوست ہے جو ایمان لائے۔ وہ ان کو اندھیروں سے نور کی طرف نکالتا ہے۔ اور وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا ان کے دوست شیطان ہیں۔ وہ ان کو نور سے اندھیروں کی طرف نکالتے ہیں۔ یہی لوگ آگ والے ہیں وہ اس میں لمبا عرصہ رہنے والے ہیں۔

حضرت ابو سعید رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دل چار قسم کے ہوتے ہیں۔ ایک **اجرد** ہے۔ ایسے دل میں ایک قسم کا چراغ روشن ہوتا ہے۔ دوسرا **اغلف**' تیسرا **منکوس** اور چوتھا **مصفح** ہے۔

**اجرد** یعنی کینے اور دھوکے وغیرہ سے خالی دل مومن کا دل ہوتا ہے۔ اس میں موجود چراغ اس کا نور ہوتا ہے اور **اغلف** (یعنی پردوں میں لپٹا ہوا دل) کافر کا دل ہوتا ہے۔ اور منکوس دل منافق کا دل ہوتا ہے جو حق کو جاننے کے باوجود اس کا انکار کرتا ہے۔ اور **مصفح**' دوغلا پن رکھنے والا دل ہوتا ہے جس میں ایمان اور نفاق جمع ہوتے ہیں اور اس میں ایمان کی مثال ایک پودے کی طرح ہے جس کو طیب پانی تقویت دیتا ہے اور اس میں نفاق کی مثال السر کی طرح ہے جس میں پیپ اور خون دونوں ہوتے ہیں اور ان دونوں یعنی ایمان اور نفاق میں سے جو چیز بھی دوسری پر غالب آ جاتی ہے' وہی دل پر غالب آ جاتی ہے۔

(مسند احمد بن حنبل۔ مسند المکثرین من الصحابہ)

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں:۔

''اللہ جو سمیع علیم ہے۔ اس کی پہچان کیا ہے۔ فرماتا ہے کہ وہ مومنوں کا والی بن جاتا ہے۔ اب مومنوں کی پہچان بتاتا ہے کہ وہ ظلمات سے نکل کر نور کی طرف آتے جاتے ہیں۔ ظلمت کیا ہے؟ جس میں تمیز نہ رہے۔ روشنی کیا ہے؟ جس میں تمیز ہو سکے۔ معمولی روشنی سورج کی ہے۔ پھر اس سے بڑھ کر نور رطب ہے۔ جس سے انسان کے اندرونی امراض معلوم ہوتے ہیں۔ پھر اس سے بڑھ کر نور فلاسفہ ہے کہ وہ خط و خال سے' بال سے' آواز سے' ناک سے' ہونٹ سے کسی کے اخلاق پر آگاہ ہو جاتے ہیں۔ پھر جن کو اس سے بھی بڑھ کر انوار دیئے جاویں' وہ مومن ہیں۔ چنانچہ فرمایا: ﴿**اتقوا فراسۃ المومن فانہ ینظر بنور اللّٰہ**﴾ پس مومن ہونے کا نشان ہے کہ اس انسان کی قوت متمیزہ بڑھتی جاتی ہے اور وہ آہستہ آہستہ تاریکیوں سے نکل کر انوار میں آتا جاتا ہے اور اپنی حالت میں دن بدن نمایاں تبدیلی پاتا ہے۔

ظلمتیں بھی کئی قسم کی ہوتی ہیں۔ ایک رسم کی' مثلاً شادی آ گئی۔ اب رسم کہتی ہے کہ دس ہزار روپیہ خرچ کرو۔ اب گھر میں تو اپنے روپے نہیں' پس ساہوکاروں کے پاس جاتا ہے۔ وہ سود مانگتا ہے۔ خدا فرماتا ہے: جو سود دیتا یا لیتا ہے وہ خدا سے جنگ کرتا ہے۔ پھر اسی طرح بڑھتے بڑھتے ایک گناہ سے کئی گناہوں کا مرتکب ہوتا ہے۔

پھر عادت کی ظلمت ہے۔ یہ عادت بری بلا ہے۔ جس چیز کی عادت پڑ جاوے' وہ پیچھا نہیں چھوڑتی۔ بعض کو قصہ سننے کی دھت ہوتی ہے۔ بعض کو ناول پڑھنے کی۔ بعض کو چاء پینے کی۔ حقہ پینے کی' پان کھانے کی۔ پھر ظلمت سے شہوت' حرص' غضب' سستی' کاہلی پس یہ بات یاد رکھو کہ جس تعلیم سے قوت ممیّزہ بڑھے' وہ سچی ہے۔''

(ضمیمہ اخبار بدر۔ قادیان 6 مئی 1909ء)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

"خدا سے پورے طور پر ڈرنا بجز یقین کے کبھی ممکن نہیں۔ تقویٰ کی باریک راہوں پر قدم مارنا اور اپنے عمل کو ریاکاری کی ملونی سے پاک کر دینا بجز یقین کے کبھی ممکن نہیں۔ ایسا ہی دنیا کی دولت اور حشمت اور اس کی کیمیا پر لعنت بھیجنا اور بادشاہوں کے قرب سے بے پرواہ ہو جانا اور صرف خدا کو اپنا ایک خزانہ سمجھنا بجز یقین کے ہرگز ممکن نہیں۔ اب بتلاؤ (۔) کہ ظلمات شک سے نور یقین کی طرف تم کیونکر پہنچ سکتے ہو۔ یقین کا ذریعہ تو خدا کا کلام ہے۔"

(نزول المسیح صفحہ 92)

سورۃ النساء آیت :175 (۔) اے لوگو! تمہارے رب کی طرف سے ایک بڑی حجت آ چکی ہے اور ہم نے تمہاری طرف ایک روشن کر دینے والا نور اتارا ہے۔

حضرت یزید بن حیانؒ بیان کرتے ہیں کہ میں اور حصین بن سبرۃ اور عمر بن مسلم ایک دفعہ حضرت زید بن ارقمؓ کے پاس گئے۔ جب ہم ان کے پاس بیٹھے تو حصین نے کہا: اے زید! آپ نے تو خیر کثیر پائی ہے۔ آپ نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا، آپ کی باتیں سنیں، آپؐ کے ساتھ غزوات میں شریک ہوئے آپؐ کے پیچھے نمازیں پڑھیں۔ اے زید! آپ نے تو واقعی خیر کثیر پائی ہے۔ آپؓ نے رسول اللہ ﷺ سے جو کچھ سنا ہے، اس میں سے کچھ ہمیں بھی سنایئے۔ زیدؓ کہنے لگے: اے میرے بھتیجے! میری عمر بڑی ہو گئی ہے اور ایک زمانہ مجھ پر بیت گیا ہے اور جو کچھ رسول اللہ ﷺ سے سنا ہوا یاد تھا، اس میں سے مجھے کچھ بھول گیا ہے۔ پس جو کچھ میں تمہارے سامنے بیان کروں اسے قبول کر لینا اور جو بیان نہ کر سکوں اس کے لئے مجھے مکلف نہ کرنا۔

پھر آپؓ کہنے لگے کہ ایک روز رسول اللہ ﷺ نے مکہ اور مدینہ کے درمیان واقع ایک چشمے کے پاس جس کا نام خم ہے، ہم سے خطاب فرمایا۔ آپؐ نے اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا بیان کی۔ پھر وعظ و نصیحت کرتے ہوئے فرمایا: اے لوگو! میں بھی بشر ہوں۔ قریب ہے کہ اللہ کا پیغامبر میرے پاس آئے اور اس کی آواز پر لبیک کہوں۔ میں تم میں دو چیزیں چھوڑ کر جا رہا ہوں۔ ان میں سے پہلی اللہ کی کتاب ہے جس میں ہدایت اور نور ہے۔ پس اللہ کی کتاب کو مضبوطی سے پکڑ لو اور اس سے چمٹے رہو۔ پس اس طرح آپؐ نے کتاب اللہ کے بارے میں وعظ و تحریص فرمائی۔

پھر فرمایا: دوسری چیز میرے اہل بیت ہیں۔ اپنے اہل بیت کے بارے میں میں تمہیں خدا سے ڈرنے کی تلقین کرتا ہوں اور اپنے اہل بیت کے بارے میں میں تمہیں خدا سے ڈرنے کی تلقین کرتا ہوں اور اپنے اہل بیت کے بارے میں میں تمہیں خدا سے ڈرنے کی تلقین کرتا ہوں۔

اس پر حصین نے ان سے کہا اے زید! آپؐ کے اہل بیت کون ہیں؟ آپؐ (کے خاندان) کی مستورات آپؐ کے اہل بیت ہیں؟ انہوں نے کہا: بے شک آپؐ (کے خاندان) کی مستورات بھی اہل بیت میں شامل ہیں۔ تاہم (یہاں) اہل بیت سے مراد وہ لوگ ہیں جن پر آپؐ کے بعد صدقہ حرام ہو گیا ہے۔ حصین نے پھر پوچھا کہ یہ کون لوگ ہیں؟ زیدؓ نے جواب دیا کہ یہ آل علیؓ، آل عقیلؓ، اور آل جعفرؓ اور آل عباسؓ ہیں۔ حصین نے پوچھا کیا ان سب پر صدقہ حرام ہے؟ زید نے کہا: ہاں۔ (مسلم کتاب الفضائل الصحابہ)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

"اے لوگو! قرآن ایک برہان ہے جو خدا تعالیٰ کی طرف سے تم کو ملی ہے اور ایک کھلا کھلا نور ہے جو تمہاری طرف اتارا گیا ہے۔"

(کرامات الصادقین ص:14)

سورۃ المائدہ (آیت 16-17) (۔) اے اہل کتاب! یقیناً تمہارے پاس ہمارا وہ رسول آ چکا ہے جو تمہارے سامنے بہت سی باتیں جو تم (اپنی) کتاب میں سے چھپایا کرتے تھے خوب کھول کر بیان کر رہا ہے اور بہت سی ایسی ہیں جن سے وہ صرف نظر کر رہا ہے۔ یقیناً تمہارے پاس اللہ کی طرف سے ایک نور آ چکا ہے اور ایک روشن کتاب بھی۔ اللہ اس کے ذریعہ انہیں جو اس کی رضا کی پیروی کریں سلامتی کی راہوں کی طرف ہدایت دیتا ہے اور اپنے اذن سے انہیں اندھیروں سے نور کی طرف نکال لاتا ہے اور انہیں صراط مستقیم کی طرف ہدایت دیتا ہے۔

حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ حضرت جبریلؑ نبی کریم ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ انہوں نے اوپر کی جانب سے ایک آواز سنی۔ چنانچہ آپؐ نے اپنا سر اوپر اٹھایا اور فرمایا: یہ آسمان سے ایک دروازہ کھلنے کی آواز ہے، یہ دروازہ آج سے پہلے کبھی نہیں کھولا گیا۔ پھر اس دروازے سے ایک فرشتہ اترا۔ اس پر آپؐ نے فرمایا: یہ ایک فرشتہ ہے جو زمین کی طرف اترا ہے، یہ آج سے پہلے کبھی بھی نہیں اترا۔ چنانچہ اس (فرشتے) نے سلام کیا اور کہا: (اے محمد!) آپ کو دو ایسے نوروں کی بشارت دی جاتی ہے جو آپؐ سے پہلے کسی نبی کو نہیں دیئے گئے۔ یہ دونوں سورۃ فاتحہ اور سورۃ بقرۃ کی آخری آیات ہیں۔ ان دونوں میں سے آپ جو حرف بھی (بطور دعا) پڑھیں گے، وہ آپ کو عطا کر دیا جائے گا۔

(مسلم کتاب صلوۃ المسافرین)

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں:۔

"ہر شخص کو دیکھنا چاہئے کہ اگر وہ روزانہ ظلمت سے نکل کر نور کو نہیں جا رہا، تو وہ مومن نہیں۔"

(ضمیمہ اخبار بدر قادیان 5۔اگست 1909ء)

حضرت مسیح موعود فرماتے ہیں:۔

"اس سے بڑھ کر کوئی مقام نہیں کہ انسان خدا کا پیارا ہو جائے۔ پس جس کی راہ پر چلنا انسان کو محبوب الٰہی بنا دیتا ہے اس سے زیادہ کس کا حق ہے کہ اپنے تئیں روشنی کے نام سے موسوم کرے۔ اسی لئے اللہ جل شانہ نے قرآن شریف میں آنحضرت ﷺ کا نام نور رکھا ہے جیسا کہ فرماتا ہے (۔) یعنی تمہارے پاس خدا کا نور آیا ہے۔"

(سراج الدین عیسائی کے چار سوالوں کا جواب ص46)

(۔) (سورۃ الانعام :2)

تمام حمد اللہ ہی کی ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور اندھیرے اور نور بنائے۔ پھر بھی وہ لوگ جنہوں نے کفر کیا اپنے رب کا شریک ٹھہراتے ہیں۔

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا کہ اللہ تعالیٰ نے اپنی مخلوق کو اندھیرے میں پیدا کیا۔ پھر ان پر اپنا نور ڈالا، پھر جس پر تو یہ نور پڑ گیا وہ ہدایت پا گیا اور جس پر یہ نور نہ پڑ سکا وہ گمراہ ہو گیا۔ (ترمذی کتاب الایمان)

حضرت ابو مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم میں سے جب کوئی صبح کرے تو یہ دعا پڑھے: ہم نے صبح کی، اس حال میں کہ تمام بادشاہت اللہ رب العالمین کی ہے۔ اے میرے اللہ! میں تجھ سے اس دن کی خیر، اس کی فتح و نصرت اور اس کا نور اور اس کی برکت اور اس کی ہدایت مانگتا ہوں۔ اور اس دن میں اور اس کے بعد جو شر ہے، اس سے تیری پناہ میں آتا ہوں، پھر جب کوئی شام کرے تو یہی دعا مانگے۔

(سنن ابو داؤد کتاب الادب)

حضرت خلیفۃ المسیح الاول فرماتے ہیں:۔

"روشنی اور اندھیرے کا فرق دوپہر اور آدھی رات کے وقت معلوم ہو سکتا ہے۔ روشنی میں تمیز اور اندھیرے میں بے تمیزی ہوتی ہے...... اس میں اشارہ ہے کہ بے تمیزی سے تمیز دینا بھی اسی اللہ کا کام ہے۔ اور اسی میں ثبوت ہے بعثت نبوت کا۔ عالم روحانی میں جب ظلمات بڑھے تو نور ضروری ہے۔"

(ضمیمہ اخبار بدر قادیان 26۔اگست 1909ء)

حضرت اقدس مسیح موعود کے اقتباس "منن الرحمان" میں سے:۔

"جبکہ ثابت ہوا کہ ہمارا خدا ہر ایک چیز کا نور اور زمین اور آسمان کا روشن کرنے والا ہے تو ثابت ہو گیا کہ وہی ہر یک طرح سے مبدء جمیع فیوض ہے اور وہی زمین اور آسمان کا خالق اور احسن الخالقین ہے۔ اسی نے دو آنکھیں دیں اور زبان اور ہونٹ دیئے اور بچہ کو پستانوں کی طرف

نور قلب و نور عقل کسی انسان میں کامل درجے پر نہ پائے جائیں تب تک وہ نور وحی ہرگز نہیں پاتا-''
(براہین احمدیہ حصہ سوم روحانی خزائن جلد اول حاشیہ ص 197-198)

الہام 1883ء ''میں اپنی چمکار دکھلاؤں گا - اپنی قدرت نمائی سے تجھ کو اٹھاؤں گا - دنیا میں ایک نذیر آیا' پر دنیا نے اس کو قبول نہ کیا لیکن خدا اسے قبول کرے گا اور بڑے زور آور حملوں سے اس کی سچائی ظاہر کر دے گا-''
(براہین احمدیہ حصہ چہارم ص 557 حاشیہ در حاشیہ نمبر 4)

فرمایا: ''یہ وہی چمکار ہے جو کوہ طور کی چمکار سے مشابہت رکھتی ہے- اور اس سے مراد جلالی معجزات ہیں- جیسا کہ کوہ طور پر بنی اسرائیل کو جلالی معجزات دکھائے گئے تھے-''
(ضمیمہ چشمہ معرفت ص 27)

الہام 1891ء ''میں اپنی چمکار دکھلاؤں گا اور قدرت نمائی سے تجھے اٹھاؤں گا - تجھ پر سلام ہم نے تجھے خالص دوستی کے ساتھ چن لیا- خدا تیرے سب کام درست کر دے گا اور تیری ساری مرادیں تجھے دے گا-'' (تذکرہ ص 185 مطبوعہ 1969ء)

الہام 21 ستمبر 1892ء (-)
(رجسٹر متفرق یادداشتیں از حضرت مسیح موعود ص 26)
عنقریب تمہارے لئے ایک لڑکا پیدا کیا جائے گا اور فضل تم سے نزدیک کیا جائے گا- یقیناً میرا نور قریب ہے- (تذکرہ ص 202 مطبوعہ 1969ء)

ایک الہام ہے 30 ستمبر 1892ء (-)
(رجسٹر متفرق یادداشتیں از حضرت مسیح موعود ص 50)
ابتلاء کے اندھیرے- یہ سخت دن ہے- تجھے ایک بیٹا عطا ہوگا اور فضل تیرے نزدیک ہوگا- میرا نور قریب ہے- میں جناب باری سے آتا ہوں-'' (تذکرہ ص 203 مطبوعہ 1969ء)
(الفضل انٹرنیشنل 26- جولائی 2002ء)

---

تعارف کتب

# جلسہ سالانہ

نام کتاب: جلسہ سالانہ
مرتب: مکرم عطاء المجیب راشد صاحب
ناشر: جماعت احمدیہ برطانیہ
تعداد صفحات: 75
سن اشاعت: جولائی 2002ء

جلسہ سالانہ جماعت احمدیہ کی تاریخ اور ترقی کا ایک اہم باب ہے- اس کی بنیاد حضرت مسیح موعود نے اذن الٰہی سے 1891ء میں رکھی اور پہلے جلسہ سالانہ میں صرف 75 خوش نصیب رفقاء حضرت مسیح موعود شامل ہوئے اور آج اس باثمر شجر کی شاخیں اکناف عالم میں پھیل چکی ہیں اور لکھو کھا لوگ ان جلسوں سے برکتیں حاصل کرتے ہیں اور ایم ٹی اے کے ذریعہ تو بعض جلسوں کی کاروائی کروڑوں لوگوں تک پہنچتی ہے-

حضرت مسیح موعود نے اس جلسہ کی اہمیت بیان کرتے ہوئے فرمایا تھا کہ اس جلسہ کو معمولی انسانی جلسوں کی طرح خیال نہ کریں بلکہ یہ وہ امر ہے جس کی خالص تائید حق اور اعلائے کلمہ دین پر بنیاد ہے- جلسہ سالانہ کی اہمیت' برکات و فیوض' غرض و غایت اور اس کی تاریخ کے اجمالی جائزہ پر مبنی کتاب امسال جلسہ سالانہ برطانیہ 2002ء کے موقع پر ''جلسہ سالانہ'' کے عنوان سے منظر عام پر آئی ہے جس کو امام بیت الفضل لندن مکرم عطاء المجیب راشد صاحب نے مرتب کیا ہے-

رنگین ٹائٹل کے ساتھ چھپنے والی اس کتاب میں ٹائٹل پیج پر سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی جلسہ سالانہ برطانیہ 2000ء کے موقع پر لی گئی تصویر دی گئی ہے جبکہ پس ورق پر پس منظر میں حاضرین جلسہ کی ایک تصویر اور حضرت مسیح موعود کا منظوم کلام شائع شدہ ہے- کتاب ''جلسہ سالانہ'' کے پیش لفظ کے بعد جلسہ سالانہ کا ایک اجمالی تعارف دیا گیا ہے کہ 1891ء میں شروع ہونے والا جلسہ اب پوری دنیا میں پھیل گیا ہے اور پھر حضور انور کی ہجرت برطانیہ کے بعد برطانیہ کا جلسہ سالانہ مرکزی جلسہ ٹھہرا اور ایم ٹی اے کے ذریعہ یہ جلسہ پوری دنیا میں دیکھا اور سنا جانے لگا- 1993ء سے عالمی بیعت کے عظیم روحانی پروگرام کا سلسلہ بھی شروع ہوا-

جلسہ سالانہ سے متعلق سیدنا حضرت مسیح موعود کے بابرکت ارشادات کو پہلے حتی الامکان زمانی ترتیب کے لحاظ سے شامل اشاعت کیا گیا اور پھر مضمون کی ترتیب کے لحاظ سے جلسہ سالانہ کا پس منظر' اس کی غرض و غایت' عظمت' برکات و فوائد' اس میں شمولیت کی تاکید اور توجہ کے ساتھ جلسہ کی کارروائی سننے کی ہدایت' اور شرکاء جلسہ کے لئے حضرت مسیح موعود کی محبت بھری دعائیں شامل اشاعت ہیں- جلسہ سالانہ کی تاریخی لحاظ سے مختصر روئیداد بھی کتاب کا حصہ ہے قادیان اور ربوہ کے علاوہ دیگر ممالک جن میں جلسہ شروع ہو چکا ہے ان کے اسماء درج کئے گئے ہیں اس کے ساتھ ساتھ 2001ء تک عالمی بیعت کے اعداد و شمار بھی شامل شدہ ہیں- کتاب ''جلسہ سالانہ'' کے آخر میں سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الرابع ایدہ اللہ تعالیٰ بنصرہ العزیز کی جلسہ سالانہ کے بارہ میں مختلف مواقع پر کی گئی نصائح' ہدایات اور ارشادات بھی درج کر دیئے گئے ہیں جو ہم سب کے لئے مشعل راہ ہیں- جلسہ سالانہ کی اہمیت' برکات و فیوض اور اس میں شامل ہو کر پانے والے فوائد کے بارہ میں حضرت مسیح موعود کے ارشادات اور حضور انور کی ہدایات یکجائی صورت میں جمع کر کے نیز جلسہ سالانہ کا تاریخی پس منظر اور اجمالی خاکہ بیان کر کے لوگوں کو جہاں مفید معلومات پہنچائی گئی ہیں وہاں اس عظیم شجر کی اہمیت بھی بیان کر دی گئی ہے- اللہ تعالیٰ اس کتاب کے مفید نتائج نکالے اور مرتب کو جزائے خیر عطا فرمائے- آمین

(ایم- ایم- طاہر)

---

محترم سید میر محمود احمد ناصر صاحب

# مردانگی اور ایک نفسیاتی الجھن

مشرق و مغرب کی گزشتہ ہزار سال کی تاریخ کا سرسری مطالعہ یہ حقیقت سامنے لاتا ہے کہ اپنی ذہنی اور فکری صلاحیتوں کے اظہار میں مردوں کی تعداد بہت زیادہ ہے- اکثر و بیشتر ماہرین تعلیم- مصنف' سائنس دان' فلاسفر' مفکر' لیڈر' تاریخ دان اور تاریخ ساز مذہبی مصلح شاید نوے فی صدی صنف کرخت سے تعلق رکھتے ہیں- اس کے ساتھ ہی یہ حقیقت بھی سامنے آتی ہے کہ فکر و نظر کے ذریعہ شفقت و محبت کے ساتھ دنیا کی راہنمائی کرنے کی بجائے قوت و طاقت کے ذریعہ راہنمائی کا جرم بھی بیشتر اسی صنف کے حصہ میں آیا ہے-

ہمارے ایک سابقہ سکول میں ایک اچھے قابل استاد ہوتے تھے تختی بھی تھے وہ اگرچہ ساری کلاس کو ہی اپنی مشفقانہ چھڑی سے نوازتے تھے مگر دو طالب علم خواہ مخواہ قصور ہو یا نہ ہو روزانہ سب طلبہ سے بڑھ کر ان کا تختہ مشق بنتے تھے- آخر یہ معلوم ہوا کہ وہ دونوں طالب علم اپنی شکل لباس اور مالی حیثیت میں بہت زیادہ تھے اور محترم استاد کے لئے یہ بات باعث الجھن تھی-

الغرض مردانگی فکر و نظر کی صلاحیتوں کے اظہار کا باعث ہوتی ہے مگر ہر وجود کے ساتھ اس کی بیماریاں بھی ہوتی ہیں اکثر و بیشتر طاقت و اختیار کا استعمال یا اس کی دھمکی اس بات کے اظہار کا نام ہے کہ Reason اور عقل فکر کے ساتھ شفقت و محبت کے ذریعہ راہنمائی میں انسان ناکام ہو گیا ہے- انسان نے طاقت و اختیار کا صحیح استعمال کم کیا ہے بیشتر یہ استعمال دراصل استعمال کرنے والے کا اپنا اقرار شکست ہے اور اس بات کا اظہار ہے کہ وہ دلیل اور Reason میں ہار گیا ہے- جو اساتذہ بے جا طور پر طلبہ کو سزا دیتے ہیں وہ جاہل خاوند جو ناروا طور پر زبان سے دھمکی دیتے اور ہاتھ سے سختی کرتے ہیں ان کا فرض ہے کہ پہلے جائزہ لے لیا کریں کہ عقل و فہم و دلیل کے ذریعہ محبت و شفقت کے راستے ان کی تربیتی کوشش پوری ہو چکی ہے اور یہ ان کا طرز عمل ایک رنگ میں ان کا اقرار شکست تو نہیں؟

---

## پھیپھڑوں کی طاقت

1994ء میں مانچسٹر (یو- کے) کے نکولس مین (Nicholas Mason) نے ایک کلو گرام وزنی غبارے کو 45 منٹ اور 2.5 سیکنڈ میں منہ کے ذریعہ ہوا بھر کر 2.44 میٹر (8 فٹ) نصف قطر کا بنا دیا-

# اطلاعات و اعلانات

نوٹ: اعلانات صدر/امیر صاحب حلقہ کی تصدیق کے ساتھ آنا ضروری ہیں۔

## درخواست دعا

ہومیو ڈاکٹر محمود احمد صاحب دارالعلوم غربی حلقہ صادق کا ٹانسلز کا آپریشن مورخہ 3 ستمبر 2002ء کو فضل عمر ہسپتال میں ہوا ہے۔ آپریشن کے بعد درد بہت زیادہ ہے۔ احباب سے دعا کی درخواست ہے کہ اللہ تعالیٰ آپریشن کے بعد کی پیچیدگیوں سے محفوظ رکھے اور شفا عطا فرمائے۔

مکرم مہر محمود احمد صاحب صدر جماعت 109 ر۔ب روڈا تحصیل جڑانوالہ ضلع فیصل آباد کمر میں (ریڑھ کی ہڈی) انفیکشن کی وجہ سے بیمار ہیں نیز ان کی والدہ محترمہ دل اور رعشہ کی تکلیف میں مبتلا ہیں احباب جماعت کی خدمت میں دعا کی درخواست ہے۔

## کامیابی

مکرم سید اسیس احمد صدیق صاحب ابن مکرم سید مبارک احمد صاحب صدر جماعت احمد شاہ مسکین ضلع شیخوپورہ نے امسال ڈی کام کے امتحان میں 961/1400 نمبر حاصل کر کے گورنمنٹ کمرشل ٹریننگ انسٹیٹیوٹ شرقپور میں تیسری پوزیشن حاصل کی ہے۔ اللہ تعالیٰ ان کو یہ کامیابی مبارک فرمائے۔

## بازیافتہ نقدی

کسی دوست نے کچھ نقدی جوان کی دکان پر ہی کسی گاہک کی گر گئی تھی دفتر صدر عمومی میں جمع کروائی ہے جس کسی کی یہ نقدی ہو دفتر سے رابطہ کریں۔

(صدر عمومی لوکل انجمن احمدیہ)

## اعلان داخلہ

گورنمنٹ کالج فار ویمن گلبرگ نے BCS(Hons) اور MCS میں داخلہ کا اعلان کیا ہے مزید معلومات کیلئے جنگ 5 ستمبر 2002ء

فیڈرل کالج آف ایجوکیشن ایچ نائن اسلام آباد نے بی ایس ایڈ اور ڈپلومہ ان ایجوکیشن میں داخلہ کا اعلان کیا ہے داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 21 ستمبر 2002ء ہے مزید معلومات کیلئے جنگ 5 ستمبر 2002ء۔

یونیورسٹی کالج آف ایجوکیشن برائے ایلیمنٹری ٹیچرز (خواتین) ٹاؤن شپ لاہور نے بی ایڈ (بی ایڈ ایلیمنٹری) برائے سیشن 03-2002ء میں داخلہ کا اعلان کیا ہے فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 16 ستمبر 2002ء ہے مزید معلومات کیلئے جنگ 5 ستمبر 2002ء۔ (نظارت تعلیم)

پاکستان نیوی کی سپیشل برانچ، ایجوکیشن برانچ اور ۱ا۔ء برانچ میں شارٹ سروس کمیشن حاصل کرنے کیلئے درخواست 30 ستمبر تک دی جا سکتی ہے۔ مزید معلومات کیلئے ڈان یکم ستمبر 2002۔

گورنمنٹ تعلیم اسلام کالج ربوہ نے ایم اے عربی اور ایم ایس سی فزکس میں داخلہ کا اعلان کیا ہے داخلہ فارم جمع کروانے کی آخری تاریخ 17 ستمبر 2002ء ہے مزید معلومات کیلئے جنگ 4 ستمبر 2002ء۔

(نظارت تعلیم)

بقیہ صفحہ 8

صدام حکومت دس برس سے عالمی برادری کو خاطر میں نہیں لا رہی۔ اس کے خلاف ممکن حد تک عالمی حمایت حاصل کی جائے گی۔

**دفاعی تعاون** چین پاکستان سے دفاعی تعاون جاری رکھے گا۔ جس کا مقصد علاقائی امن اور سلامتی میں اضافہ ہے۔ یہ بات پیپلز لبریشن آرمی کے سیاسی ونگ کے ڈپٹی چیف جنرل تانگ تیان نے بتائی اور کہا کہ چینی عوام پاکستان کے ساتھ تعلقات کو بڑی اہمیت دیتے ہیں اور ہماری دوستی دونوں ملکوں کے عوام کے بہترین مفاد میں ہے۔

**مزید بھارتی فوج** بھارت نے مقبوضہ کشمیر میں مزید 44 ہزار فوجی بھیج دیئے ہیں۔ فوجیوں کی تعیناتی کیلئے سری نگر اور جموں میں خصوصی سیکورٹی مراکز قائم کر دیئے گئے ہیں۔

**غزہ اور جنین پر چڑھائی** اسرائیلی فوج نے غزہ اور جنین پر چڑھائی کر کے فلسطینی مظاہرین پر فائرنگ کی۔ 6 فلسطین جاں بحق ہو گئے۔ اور 10 شدید زخمی۔ غزہ میں یہودی فوج نے الفتح تنظیم کا دفتر اور شہری دفاع کی چوکی تباہ کر دی۔ ہیبرون سے 17 فلسطینیوں کو گرفتار کر لیا۔

**عراق کے خلاف کارروائی** امریکی صدر بش نے کہا ہے کہ صدام کے خلاف کافی ثبوت ہیں۔ صدام نے تباہی پھیلانے والے ہتھیار تلف کرنے کا وعدہ پورا نہیں کیا۔ قوم کو بچانے کے لئے عراق کے خلاف کارروائی کرنا پڑے گی۔ امریکی وزیر خارجہ کولن پاول نے کہا کہ عراق کے خلاف فی الحال فوجی کارروائی کا فیصلہ نہیں کیا۔ صدر بش تمام آپشنز پر غور کر رہے ہیں۔ صدام حسین اسلحہ انسپکٹروں کو بغداد واپسی کی غیر مشروط طور پر اجازت دے۔

**انسانی حقوق کی خلاف ورزیاں** اقوام متحدہ کے حقوق انسانی کے ادارے کی سربراہ مری رابسن نے امریکہ سمیت دنیا کے بیشتر ممالک پر الزام عائد کیا ہے کہ وہ دہشت گردی کے نام پر انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں کر رہے ہیں۔ 11 ستمبر کے بعد امریکہ کی جانب سے ہزاروں بے گناہ لوگوں کو قتل کرنے کا کوئی جواز نہیں بنتا تھا۔


حسین اور دلکش زیورات کا مرکز

الحمید جیولرز | دکان 1 - مبارک مارکیٹ

ریلوے روڈ گلی 1 - ربوہ

فون شوروم 214220 فون رہائش 213213

پروپرائٹرز: میاں محمد نصر اللہ - میاں محمد کلیم ظفر ابن میاں محمد امین

کراچی اور سنگاپور کے K-21 اور K-22 کے فینسی زیورات کا مرکز

العمران جیولرز

الطاف مارکیٹ - بازار کاٹھیاں والا سیالکوٹ پاکستان

فون دوکان 594674 فون رہائش 553733

موبائل 0300-9610532

MAG Malik Abdul Ghafoor

Deals in all kind of Oil and Lubricants

Ganesh Mills Road Factory Area Faisalabad

☎ 648705-617705 Res:724553

تمام ائرلائنز کے ٹکٹ خصوصی رعائتی ریٹ پر دستیاب ہیں

کمپیوٹرائزڈ ریزرویشن کیلئے ہماری خدمات حاضر ہیں

ملٹی سکائی ٹریولز اینڈ ٹورز پرائیویٹ لمیٹڈ

S.N.C-6 سنٹر بلاک 12/D فضل الحق روڈ بلیو ایریا - اسلام آباد

فون آفس 2873680-2873030-2273094

فون ڈائریکٹ: 2275794 فیکس: 2825111

Email:multiskytours@hotmail.com

طب یونانی کا مایہ ناز ادارہ

قائم شدہ 1958ء

فون 211538

خورشید

مرکب افسنتین

معدہ اور جگر کی پرانی کمزوری - وہم - اضطراب گھبراہٹ اور کولیسٹرول کو کنٹرول کرنے کے لئے مفید ترین مرکب ہے

خورشید یونانی دواخانہ رجسٹرڈ ربوہ

داخلہ جاری ہے

زبردست معیار تعلیم کے خواہاں والدین کے لئے

نیو ملینیم اسکالرز | چونڈہ سیالکوٹ

مکمل انگلش اور اردو میڈیم (نرسری تا دہم)

ہاسٹل کی سہولت کے ساتھ

فون آفس: 04364-21813

جدید دور کے جدید ترین ادویات GHP کے مفید ترین سپیشل ہومیوپیتھک مرکبات

| | |
|---|---|
| GHP-406/GH | گردوں و مثانے اور پیشاب کی نالی کی پتھریوں کو ذروں میں توڑ کر خارج کرنے کی مخصوص دوا۔ |
| GHP-412/GH | جگر کے بڑھ جانے، سکڑ جانے، سوجن، ورم کے علاوہ HEPATITIS A.B.C. یعنی ہر قسم کے یرقان کا مؤثر علاج۔ |
| GHP-413/GH | موٹاپا، وزن اور پیٹ کم کرنے کا مؤثر حل۔ جسم کی زائد چربی، پانی اور کولسٹرول کم کرنے کی مفید دوا۔ |
| GHP-419/GH | تیزابیت، جلن، درد گیس، ڈکاریں، بھوک کی کمی، قبض، آنتوں کی سوزش اور امراض معدہ کی مؤثر دوا۔ |
| GHP-519/GH | معدہ و پیٹ کا السر، زخم، رسولی، گومڑ، کینسر کی مخصوص دوا۔ |
| GHP-428/GH | جگر کے فعل میں خرابی آنتڑیوں کے پٹھوں کی کمزوری دور کر کے دائمی قبض کو ختم کر دینے کی مفید ترین دوا۔ |
| GHP-432/GH | ہر قسم کی نئی یا پرانی، اندرونی یا بیرونی بواسیر، مسے، فشر، ناسور کا کامیاب علاج۔ |
| GHP-450/GH | پراسٹیٹ غدود کی سوجن اور سوزش کی وجہ سے ہونے والی تکالیف کا شافی علاج۔ |
| GHP-577/GH | رحم کی رسولی، گومڑ، گلٹی و کینسر کے لئے مخصوص کامیاب دوا۔ |
| GHP-582/GH | چھاتی کی گلٹی، گومڑ اور کینسر کے لئے مفید ترین دوا۔ |
| پیکنگ | 20 ML 120 ML |
| رعائتی قیمت | -/100 -/500 روپے پیکنگ و ڈاک خرچ -/60 روپے |

اس کے علاوہ ایزی برتھ کیپسول (GHP-95/A.H.C.) رعائتی قیمت -/100 روپے

وقفہ کیپسولز (GHP-85/A.H.C.) رعائتی قیمت -/20 روپے

عزیز ہومیوپیتھک کلینک اینڈ سٹور گولبازار ربوہ

پوسٹ کوڈ 35460

فون 04524-212399

# خبریں

## ربوہ میں طلوع وغروب

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| ☆ منگل | 10-ستمبر | زوال آفتاب | : | 1-05 |
| ☆ منگل | 10-ستمبر | غروب آفتاب | : | 7-24 |
| ☆ بدھ | 11-ستمبر | طلوع فجر | : | 5-25 |
| ☆ بدھ | 11-ستمبر | طلوع آفتاب | : | 6-46 |

**پائیدار جمہوریت قائم ہوگی** صدر جنرل مشرف نے یقین ظاہر کیا ہے کہ اکتوبر کے انتخابات کے نتیجے میں پاکستان میں پائیدار جمہوریت قائم ہوگی اور ملک ترقی و خوشحالی سے ہمکنار ہوگا- یہ بات انہوں نے امریکہ جاتے ہوئے طیارے میں گفتگو کے دوران کہی-

**امن قائم نہیں ہوسکتا** گورنر پنجاب نے کہا ہے کہ جب تک کشمیر کا مسئلہ حل نہیں ہوتا اس خطے میں امن قائم نہیں ہوسکتا-موجودہ حکومت قائداعظم کے فرمودات کی روشنی میں کام کررہی ہے-

**کنٹرول لائن پر جھڑپیں** کارگل، سماہنی، باغ، دراس، بٹالک اور گلتری سیکٹروں میں پاک بھارت افواج کے درمیان جھڑپوں میں 4 افراد ہلاک اور کئی زخمی ہو گئے-

**4 دہشت گرد ہلاک** لودھراں کے نواحی علاقہ میں پولیس مقابلہ میں ریاض بسرا کے ساتھی زیرحراست 2 ملزموں سمیت 4 دہشت گرد ہلاک ہوگئے-ان میں سے ایک بہاولپور چرچ حملہ کیس میں ملوث تھا-

**پاکستان وکٹری سٹینڈ پر پہنچنے میں کامیاب** 24ویں چیمپئن ٹرافی ہاکی ٹورنامنٹ میں پاکستان نے پول میچ میں اپنی شکست کا بھارت سے بدلہ لیتے ہوئے اسے تیسری پوزیشن کیلئے ہونے والے میچ میں 3 کے مقابلے میں 4 گول سے شکست دے دی اس طرح کانسی کا تمغہ جیت کر وکٹری سٹینڈ پر پہنچنے میں کامیاب ہوگیا-

**ایک بار اسمبلی بحال ہو لینے دیں مسلم لیگ** (ق) کے صدر میاں اظہر نے کہا ہے کہ لیگل فریم ورک آرڈر کے تحت ایک بار اسمبلی بحال ہو لینے دیں پھر پارلیمنٹ اپنا راستہ خود بنالے گی-

**امریکہ کی زبردست جنگی تیاریاں** امریکہ نے عراق پر حملہ کیلئے خلیج میں بڑی تعداد میں ہتھیار اور فوجیوں کو پہنچانے کا سلسلہ شروع کردیا ہے-اخبار آبزرور کی رپورٹ کے مطابق اردن میں اڑھائی ہزار امریکی فوجی پہنچ رہے ہیں-مال بردار جہاز کے ذریعہ سینکڑوں ٹینک میزائل اور دیگر جنگی ہتھیار اس ماہ خلیج پہنچ جائیں گے- اردن میں مشقوں کے بہانے اسرائیل کو حملوں سے بچانے کیلئے اینٹی میزائل نصب کیا جارہا ہے-امریکی صدر بش اور برطانوی وزیراعظم ٹونی بلیئر نے کہا ہے کہ

باقی صفحہ 7 پر


چوہدری اکبر علی موبائل: 0300-9488447
پروپرائٹر
عمر اسٹیٹ ایجنسی
جائیداد کی خرید وفروخت کا بااعتماد ادارہ
9-ہنزہ بلاک علامہ اقبال ٹاؤن لاہور-فون: 5418406-7448406

جدید ڈیزائنوں میں اعلیٰ زیورات بنوانے کیلئے ہمارے ہاں تشریف لائیں-
نسیم جیولرز اقصیٰ روڈ ربوہ
فون دکان 212837
رہائش 214321

مکان برائے فوری فروخت
ایک عدد مکان پرانا تعمیر شدہ بررقبہ دس مرلے مشتمل بر پانچ کمرے، پانی، بجلی، سوئی گیس، واقع محلہ دارالرحمت شرقی-ربوہ برائے فوری فروخت
رابطہ کیلئے: 042-6859765

خان نیم پلیٹس
ٹاؤن شپ لاہور
فون: 5150862
5123862
نیم پلیٹس، اسٹکرز، شیلڈز معیاری سکرین پرنٹنگ، ڈیزائننگ اور کمپیوٹرائزڈ پلاسٹک فوٹوسیکورٹی کارڈز
ای میل: Knp_pk@yahoo.com

mta
GUILD KEY
ایم ٹی اے کیلئے معیاری ڈیجیٹل ریسیور نہایت مناسب قیمتوں پر دستیاب ہیں۔ راولپنڈی اسلام آباد کے علاوہ دوسری جماعتوں کیلئے بھی ٹوٹل پیکج دستیاب ہیں نیز اے سی، سپلٹ یونٹ فریج، فریزر کی فٹنگ اور سروس بھی کی جاتی ہے۔ جناح سپر اسلام آباد
فون 051-2650364 موبائل 0320-4906118

انگریزی ادویات وٹیکہ جات کا مرکز بہتر تشخیص مناسب علاج
کریم میڈیکل ہال
گول امین پور بازار فیصل آباد فون 647434

احمد موٹرز
نئی وپرانی گاڑیوں کی خرید وفروخت کا مرکز
157/13 فیروزپور روڈ- مسلم ٹاؤن موڑ لاہور
رابطہ کیلئے- مظفر محمود
فون آفس 7572031-32 رہائش 142/D ماڈل ٹاؤن لاہور

AL-FAZAL
JEWELLERS
YADGAR CHOWK RABWAH
PH:04524-213649

خوشخبری
احمدیہ فری ہومیوپیتھک
ڈسپنسریوں کے لئے ملکی وغیرملکی تمام ادویات نیز گلوبیولز ڈسکس شوگرآف ملک وغیرہ پر خصوصی رعایت
کیوریٹو ہومیوپیتھک سٹور اینڈ کلینک
14-علامہ اقبال روڈ نزد الحمراء بوہڑ والا چوک ریلوے اسٹیشن لاہور
فون: 042- 6372867

بلال فری ہومیوپیتھک ڈسپنسری
زیرسرپرستی-محمد اشرف بلال
زیرنگرانی-پروفیسر ڈاکٹر سجاد حسن خان
اوقات کار-صبح 9:00 بجے تا شام 5:00 بجے
وقفہ 1 بجے تا 2 بجے دوپہر-ناغہ بروز اتوار
86-علامہ اقبال روڈ-گڑھی شاہو-لاہور

اسلام آباد میں جائیداد کی خرید وفروخت کے لئے
VIP Enterprises Property Consultant
سہیل صدیقی فون آفس 2270056-2877423

ایم موسیٰ اینڈ سنز
ڈیلرز:-ملکی وغیرملکی BMX+MTB بائیسکل اینڈ بے بی آرٹیکلز
27-نیلا گنبد لاہور فون 7244220
پروپرائٹرز-مظفر احمد ناگی-طاہر احمد ناگی

The Vision of Tomorrow
NEW HAVEN PUBLIC SCHOOL
MULTAN, ☎ 061-553164, 554399

زکریا سٹیل
33-میکو مارکیٹ لوہا لنڈا بازار لاہور
طالب دعا: میاں خالد محمود
ڈیلر سی-آر-سی-جی پی-ای جی اور کلر شیٹ
فون آفس 7650510-7658876-7658938-7667414

البشیرز
معروف قابل اعتماد نام
پیج
جیولرز اینڈ بوتیک
ریلوے روڈ
گلی نمبر 1 ربوہ
نئی ورائٹی نئی جدت کے ساتھ زیورات وملبوسات اب پتوکی کے ساتھ ساتھ ربوہ میں بااعتماد خدمت
پروپرائٹرز: ایم بشیرالحق اینڈ سنز شوروم ربوہ
فون شوروم پتوکی 04524-214510-04942-423173

محبت سب کے لئے ☆ نفرت کسی سے نہیں
الفضل جیولرز
بازار صرافہ-سیالکوٹ
موبائل: 0300-9613255
پروپرائٹر: عبدالستار
فون شوروم: 0432-592316
جدید اور فینسی مدراسی اٹالین سنگاپوری ورائٹی دستیاب ہے
فائن آرٹ جیولرز
بازار شہیداں-سیالکوٹ پروپرائٹر: سفیر احمد
فون رہائش: 0432-586297 موبائل: 0300-9613257
زیورات انٹرنیشنل سٹینڈرڈ کے مطابق بغیر ٹانکے کے تیار کئے جاتے ہیں نیز ڈائمنڈ کی ورائٹی کے لئے تشریف لائیں-
E.mail alfazal @ skt.comsats.net.pk.

تمام گاڑیوں وٹریکٹروں کے ہوز پائپ
SRP
آٹوز کی تمام آئٹم آرڈر پر تیار
سینکی ربڑ پارٹس
جی ٹی روڈ رچنا ٹاؤن نزد گلوب ٹمبرز کارپوریشن فیروزوالا لاہور
فون فیکٹری 042-7924522,7924511
فون رہائش 7729194
طالب دعا-میاں عباس علی، میاں ریاض احمد-میاں تنویر اسلم


روزنامہ الفضل رجسٹرڈ نمبر سی پی ایل 61